© rasailojaraid.com



# مجلہ تفہیم الاسلام اشاعت خاص بنام قاری عبدالوکیل صدیقی خانپوری

صفحات 174 خوبصورت کاغذ کور قیمت 200 روپے

ملنے کا پتہ، حمید اللہ خاں عزیز ایڈیٹر ماہنامہ تفہیم الاسلام عقب واپڈا ہاؤس

محلہ رحمان آباد (شکاری) احمد پور شرقیہ ضلع بہاول پور

ماہنامہ تفہیم الاسلام احمد پور شرقیہ سے شائع ہونے والا جماعت اہل حدیث کا ایک مؤقر علمی رسالہ ہے۔ جو 2002 سے باقاعدگی سے جاری ہے۔ اس کے مدیر شہیر جناب حمید اللہ خاں عزیز نامساعد حالات کے باوجود اس کی اشاعت کا اہتمام کئے ہوئے ہیں۔ اس رسالے میں علمی وادبی، تحقیقی مضامین کے علاوہ اہل حدیث رجال وشخصیات پر بھی معلوماتی تحریریں پڑھنے کو ملتی ہیں۔ پیش نگاہ اشاعت خاص ''قاری عبدالوکیل خانپوری رحمۃ اللہ کی علمی، دعوتی، تبلیغی وتدریسی خدمات کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اس میں سب سے طویل مضمون تو جناب حمید اللہ خاں عزیز کا ہے اس میں قاری صاحب کے حالات وواقعات اور خدمات کو احاطہ شوید میں لانے کی کوشش کی گئی ہے اور فاضل ایڈیٹر اس میں کامیاب بھی رہے ہیں۔ اس کے علاوہ بعض تاثراتی مضامین ہیں۔ نامور لکھاریوں میں مؤرخ اہل حدیث مولانا محمد اسحاق بھٹی حفظہ اللہ اور رانا محمد شفیق خاں پسروری صاحب کی تحریروں میں ندرت کا پہلو دکھائی دیتا ہے۔ اس کے علاوہ اشاعت خاص کے شروع میں جماعت غرباء اہل حدیث کے امیر مولانا حافظ عبدالرحمان سلفی صاحب آف کراچی، بابائے صحافت مولانا بشیر احمد انصاری مدیر اعلیٰ ہفت روزہ اہل حدیث لاہور اور مولانا عبدالحنان جانباز بن مولانا محمد علی جانباز کے تحقیقی مکتوبات ہیں۔

غرض یہ اشاعت خاص معلوماتی اور تاریخی اعتبار سے عمدہ ہے۔ اس تاریخی دستاویز کی اشاعت خاص پر ہم حمید اللہ خاں عزیز اور ان کے رفقاء کو ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی مساعی کو قبول ومنظور فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆

© rasailojaraid.com